http://www.khabrain.com E-mai!:-khabrain@khabrain.com

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت۔ ملتان، لاہور، اسلام آباد، کراچی، حیدرآباد، پشاور، سکھر اور مظفرآباد (آزاد کشمیر) سے شائع ہونیوالا قومی اخبار

SEMI LOCAL

چیف ایڈیٹر: ضیا شاہد

روزنامہ خبریں ملتان

Daily KHABRAIN

ایڈیٹر: امتنان شاہد

Tuesday September 9, 2014, UAN:111-55-88-55

رجسٹرڈ نمبر ایم 121

جلد 23 | منگل 13 ذیقعد 1435ھ 9 ستمبر 2014ء 25 بھادوں 2071 ب صفحات 14 قیمت 12 روپے | شمارہ 99

روزنامہ ''خبریں'' ملتان (7) 9 ستمبر 2014ء

شہر شہر کی خبریں

اساتذہ معیار تعلیم پر توجہ دیں، والدین بچوں پر نظر رکھیں: محمود قادر لغاری

چوٹی زیریں میں تعلیم کی شرح کم، بچے ہوٹلوں، ورکشاپوں پر کام کر رہے ہیں: افتخار کھوسہ، یوم خواندگی پر شرکاء سے خطاب

چوٹی زیریں (نامہ نگار، نمائندہ خصوصی) اساتذہ معیار تعلیم پر توجہ دیں اور والدین بھی بچوں پر نظر رکھیں۔ ان خیالات کا اظہار ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب سردار محمود قادر خان لغاری نے ایل ایس او متفرق چاہان اور چوٹی زیریں کے زیر اہتمام یوم خواندگی پر شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج تمام تر وسائل اور جدید آلات تعلیم کے باوجود تعلیم کا وہ معیار نہیں جو چند برس قبل لالٹین کی روشنی میں پڑھانے والے اساتذہ میں تھا۔ ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر افتخار احمد کھوسہ نے کہا کہ چوٹی زیریں کے علاقے میں تعلیم کی شرح بہت کم ہے۔ علاقے میں 5 سے 16 سال کے بچوں کو سکولوں میں داخلہ دلانا اہم مقصد ہے۔ متعدد بچے ہوٹلوں، ورکشاپوں میں کام کر رہے ہیں۔ ماسٹر رفیق احمد ارائیں نے کہا کہ ملک میں اڑھائی کروڑ بچے سکول نہیں جاتے۔ میڈم ناظمہ نے کہا کہ مفت تعلیم دلانا حکومت وقت کی ذمہ داری ہے۔ ایس او محمد یوسف، محمد اکرم، محمد اسحاق، میڈم مسرت نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر زمرد عباس برمانی، منصور احمد برمانی، ثمر حسن برمانی، میڈم یاسمین، میڈم سمیرا خورشید، ماسٹر محمد شفیع بزدار، ماسٹر حاجی محمد، عطاء حسین بہانی سمیت سینکڑوں طلبا و طالبات، والدین نے شرکت کی۔



چوٹی زیریں: سردار محمود قادر لغاری، افتخار احمد کھوسہ، رفیق احمد ارائیں و دیگر شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔